# 22-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔سرمایہ کاری کے طور پر کسانوں کو فراہم کیئے جانے والے رعیّتو بھروسہ فنڈ کو وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ابھی تھوڑی دیر پہلے جاری کیا۔ پہلے مرحلہ میں تین ہزار 590 کروڑ روپے کسانوں کے کھاتوں میں کل جمع ہوں گے۔

۲۔سدی پیٹ ضلع کے نرمٹا میں آئیل پام فیکٹری کا وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے افتتاح کیا اور اس کو کسانوں کے نام وقف کیا۔

۳۔ریاستی نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے واضح کیا کہ حکومت تعلیمی نظام کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے۔

۴۔مرکزی وزیر برائے کوئلہ و معدنیات کشن ریڈی کل اہم اور اسٹراٹیجک معدنی بلاکس کی ساتویں مرحلے کی نیلامی کا آغاز کریں گے۔

Vivek Venkatswamy

ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے کہا کہ حکومت عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی پر توجہ دے رہی ہے۔انہوں نے آج منچریال ضلع کے کیاتن پلی میونسپلٹی میں مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے میونسپلٹی کے حدود میں 2 کروڑ روپیوں کی لاگت سے سنٹرل لائٹنگ کے کاموں اور ایک کروڑ 80 لاکھ روپیوں کی لاگت سے انجام دئے جانے والے سی سی روڈ کے کاموں کا افتتاح کیا۔اس موقع پر ضلع کلکٹر کمار دیپک بھی موجود تھے۔

Sound Byte Vivek Venkatswamy

World Water Day

آج عالمی یوم آب منایا جارہا ہے۔ پینے کے پانی کی اہمیت کو واضح کرنے اور آبی وسائل پر شعور بیداری پیدا کرنے کے لئے ہر سال 22 مارچ کو عالمی یوم آب منایا جاتا ہے۔ 1992ء میں برازیل کے ریوڈی جنیرو نے ماحولیاتی ترقی پر اقوام متحدہ کی جانب سے منعقد کئے گئے اجلاس میں 22 مارچ کو عالمی یوم آب منانے کا فیصلہ لیا گیا تھا۔ اِس ضمن میں 1993ء سے ہر سال 22 مارچ کو عالمی یوم آب منایا جارہا ہے۔

Thummala Nageswara Rao

ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے کہا کہ سابقہ بی آر ایس حکومت کی جانب سے کئے گئے قرضوں کی وجہ سے ریاست کو معاشی صورتحال کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ حکومت 8 لاکھ 50 ہزار کروڑ روپیوں کا قرض کر چکی ہے۔ اس قرض کی وجہ سے موجودہ حکومت 7 ہزار کروڑ کی رقم سود اور اصل رقم کے طور پر ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کو ملک بھر میں آئیل پام ہب کے طور پر تبدیل کرنے کے لئے حکومت اقدامات کر رہی ہے۔ ناگیشور راؤ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں کسانوں کو زائد آمدنی فراہم کرنے والے اِس فصل کو ریاست بھر میں توسیع دی جائے گی۔ اس فصل کی پیداوار سے کسانوں کو فائدہ ہوگا۔

Commercial Cylinder

مرکزی حکومت نے کہا کہ کل سے کمرشیل ایل پی جی سلنڈرس کی سربراہی میں اضافہ کیا جائے گا۔ 20 فیصد تک سلنڈرس کی سربراہی میں اضافہ کرتے ہوئے ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور کینٹینوں پر خصوصی توجہ دینے ڈیلرس کو ہدایت دی۔ اِس ضمن میں مرکزی حکومت نے تمام ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کو احکامات بھی جاری کئے۔

## Srinivas Goud

بی آر ایس کے لیڈر و سابق وزیر سرینواس گوڑ نے کانگریس حکومت پر تنقید کی ۔انہوں نے آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے بجٹ میں بی سی طبقہ کے پیشہ وارانہ افراد کو نظر انداز کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ سال میں 20 ہزار کروڑ روپے دینے کا وعدہ کیا گیا تھا۔صرف پانچ ہزار کروڑ روپے ہی مختص کئے گئے ہیں۔سرینواس گوڑ نے مدیراج طبقہ کے ریزرویشن اور بی سی بھونس کی تعمیر کو بھی نظر انداز کرنے کا الزام لگایا۔

## Weather

محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ آج ریاست کے بعض اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے کہا کہ آنے والے دو دنوں کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت 2 ڈگری سے 3 ڈگری کم ہونے کا امکان ہے اور مزید چار دنوں کے دوران دو تا چار ڈگری درجہ حرارت میں اضافہ کا امکان پایا جاتا ہے۔

## Brahmani Project

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ ریاست بھر میں ہر ایک ایکر کو آبپاشی کیلئے پانی فراہم کرنا ہی حکومت کا مقصد ہے۔انہوں نے کہا کہ آبی وسائل کے ذریعہ نلگنڈہ اسمبلی حلقہ کو تمام شعبوں میں ترقی دی جائے گی اور کسانوں کو ترقی دینے کے اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ برہمانی ویلملا پروجیکٹ کے ذریعہ نلگنڈہ اسمبلی حلقہ کے ہر ایکر کو پانی فراہم کرتے ہوئے سرسبز و شاداب بنایا جائے گا۔ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے مختلف دیہاتوں کو آبپاشی کا پانی فراہم کرنے کے لئے نہروں کی تعمیر کا بھی سنگ بنیاد رکھا اور بعض کاموں کا افتتاح کیا۔

## Driving Licence

ریاست میں ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے لئے اب آن لائن امتحان بھی کامیاب کرنا ہوگا۔ یہ طریقہ کار ریکم اپریل سے عمل میں آئے گا۔محکمہ ٹرانسپورٹ نے یہ بات بتائی۔ایل ایل آر کو درخواست داخل کرنے سے قبل امیدواروں کو آن لائن سڑک کے تحفظ سے متعلق مضامین کی سماعت کرتے ہوئے امتحان لکھنا پڑے گا۔ اِس میں کامیابی اور سرٹیفکیٹ نمبر حاصل کرنے کے بعد ہی ایل ایل آر سلاٹ بک کرنا ہوگا۔

## Skill University

ریاست میں نئی قائم کی گئی اسکلس یونیورسٹی کے حدود کو توسیع دیتے ہوئے اس کو مزید مضبوط بنانے کے لئے اب حکومت اقدامات کررہی ہے۔ اِس یونیورسٹی کے حدود میں پالی ٹیکنک کالجوں کے علاوہ اڈونسڈ ٹکنالوجی سنٹرس قائم ہوں گے۔اب تک اس یونیورسٹی میں آئی ٹی، صنعت سے متعلق شعبہ ہیں اور اب ہائر ایجوکیشن اس یونیورسٹی کی نگرانی کرے گی۔ اسکل یونیورسٹی کو 2024ء اگست میں قائم کیا گیا ہے۔ ریاست کے قانون کے مطابق پبلک پرائیوٹ کے اشتراک کی پالیسی کے ذریعہ اس کو قائم کیا گیا ہے۔اس یونیورسٹی کیلئے چانسلر کے طور پر وزیراعلیٰ اور بورڈ آف گورنرس کے طور پر مہندرا گروپ کے چیرمین خدمات انجام دے رہے ہیں۔

## Building Construction

تلنگانہ حکومت عمارتوں کی تعمیر کے شعبہ میں اہم تبدیلیاں لائی ہے۔عمارتوں کی تعمیر کیلئے ٹی ڈی آر کے استعمال کو آسان بناتے ہوئے حکومت جی او جاری کی ہے۔21 میٹر سے زائد عمارتوں کو اب ہائی رائز عمارتوں کے طور پر دیکھا جائے گا جبکہ 18 سے 21 میٹر کے درمیان رہنے والی عمارتوں کو ٹی ڈی آر ضروری نہیں ہے۔ ہائی رائز عمارتوں میں 10 فیصد تک سیٹ بیاک کی رعایت بھی دستیاب رہے گی۔

## Life Tax

اضافی گاڑیوں کی خریداری کرنے والوں پر عائد کئے جانے والے دو فیصد لائف ٹیکس کو کل سے منسوخ کرنے کا محکمہ ٹرانسپورٹ نے اعلان کیا جبکہ وہاں پورٹل کا ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے کل افتتاح کیا۔ ملک بھر میں موجود تمام گاڑیوں کی تفصیلات اس پورٹل کے ذریعہ دستیاب ہوں گی۔

## World Water Day – Seethakka

پنچایتی راج و دیہی ترقی کی وزیر سیتااکا نے کہا ہے کہ پانی انسانی زندگی کے لیے بنیادی ضرورت ہے، اس لیے ہر فرد کو پانی کا محتاط استعمال کرنا چاہیے۔ ہنمکنڈہ ضلع کے ترومالگیری میں منعقدہ عالمی یومِ آب کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پانی کا ہر قطرہ قیمتی ہے اور اگر اس کا ضیاع جاری رہا تو مستقبل میں سنگین مسائل پیدا ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت کے 9 9 دنوں کے عوامی فلاحی و ترقیاتی پروگرام کے تحت پانی کے تحفظ کے بارے میں شعور بیدار کیا جا رہا ہے۔

## Mallu Bhatti Vikramarka

ریاستی نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے واضح کیا کہ حکومت تعلیمی نظام کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم پر خرچ ہونے والا ہر روپیہ مستقبل کی نسلوں کی ترقی میں سرمایہ کاری کے مترادف ہے۔ آج مدھیرا حلقہ کے دورے کے دوران انہوں نے بوناکل منڈل کے لکشمی پورم گاؤں میں زیر تعمیر انٹیگریٹڈ رہائشی اسکول کے کام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے حکام اور ٹھیکیداروں کو ہدایت دی کہ تعمیراتی کام تیز کیا جائے اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے، ساتھ ہی مقررہ وقت میں کام مکمل کرنے پر زور دیا۔

Anganwadi

ریاست میں آنگن واڑیز کو نئے موبائل فونس فراہم کرنے کا حکومت نے فیصلہ لیا ہے۔اس ضمن میں 38 ہزار سے زائد نئے فونوں کو خریداری کی گئی۔آنگن واڑی ٹیچرس کو ہر روز موبائل کے ذریعہ پوشنا ٹریکر ایپ کے ذریعہ 14 اقسام کی تفصیلات درج کرنا ہوگا۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر برائے کوئلہ ومعدنیات کشن ریڈی کل اہم اوراسٹریٹجک معدنی بلاکس کی ساتویں مرحلے کی نیلامی کا آغاز کریں گے۔اس مرحلے میں مائننگ لیز اور کمپوزٹ لائسنس کے تحت مختلف ریاستوں میں موجود 19 بلاکس کی نیلامی کی جائے گی۔ان بلاکس میں صاف توانائی، جدید ٹیکنالوجی، کھاد اور دیگر اسٹریٹجک صنعتوں کے لیے ضروری معدنیات شامل ہیں۔وزارت کے مطابق یہ نیلامی شفاف دو مرحلہ جاتی آن لائن فارورڈ بڈنگ کے ذریعے ہوگی، جس میں سب سے زیادہ فیصد کوٹ کرنے والے کو کامیاب قرار دیا جائے گا۔اب تک چھ مراحل میں 46 اہم معدنی بلاکس کی نیلامی کی جا چکی ہے۔

Discussion

موسیٰ ندی کی بحالی کے نام پر کانگریس حکومت کے منصوبوں میں سائنسی نقطہ نظر کی کمی ہے، یہ بات مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ کے مشیر اور سابق مرکزی آبی وسائل کے مشیر ویدرے شری رام نے کہی۔بی جے پی تلنگانہ کی جانب سے منعقدہ ایک مباحثے میں انہوں نے کہا کہ ایک مردہ ندی کو صرف خوبصورت بنانے سے فائدہ نہیں ہوگا، بلکہ پہلے اس کی صحت کو بحال کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ ندی کے کنارے موجود رائپیرین زون اس کی صحت کے لیے انتہائی

اہم ہے، جہاں قدرتی فلٹریشن، حیاتیاتی تنوع اور رہائش گاہ کی حمایت ہوتی ہے۔ان قدرتی نظاموں کونظرانداز کر کے صرف کنکریٹ تعمیرات پر توجہ دینا نقصان دہ ہے۔بی جے پی کے ریاستی صدراین رام چندر راؤ نے کہا کہ ان کی پارٹی موسیٰ ندی کی صفائی کے خلاف نہیں،لیکن غریبوں کے گھروں کومسمار کر کے پروجیکٹ بنانے کی سخت مخالفت کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پہلے متاثرین کی باز آبادکاری کی جائے، پہلے توڑیں، بعد میں دیں کا طریقہ ناانصافی ہے۔ انہوں نے حکومت پر یہ الزام بھی عائد کیا کہ وہ موسیٰ صفائی کے لیے بھاری اخراجات کی بات کرتی ہے،مگر پنشن کے لیےفنڈز کی کمی کا دعویٰ کرتی ہے۔

Rythu Bharosa

ا۔سرمایہ کاری کے طور پر کسانوں کوفراہم کئے جانے والے رعیّتو بھروسہ فنڈ کو وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ابھی تھوڑی دیر پہلے جاری کیا۔ پہلے مرحلہ میں تین ہزار 590 کروڑ روپے کسانوں کے کھاتوں میں کل جمع ہوں گے۔اس اسکیم کے تحت ایک کروڑ 50 لاکھ ایکر اراضی کیلئے 9 ہزار کروڑ روپے حکومت مختص کرچکی ہے۔آج سدی پیٹ ضلع کے نرمٹا میں منعقد کئے گئے ایک جلسہ میں پہلے مرحلہ کے تحت ایک ایکر سے کام اراضی رکھنے والے کسانوں کیلئے تین ہزار 590 کروڑ روپے جاری کئے گئے ہیں۔ یہ رقم کل کسانوں کے کھاتوں میں جمع ہوگی جبکہ 20 دنوں کے بعد دوسرے مرحلہ میں 2 ہزار 650 کروڑ روپے اور تیسرے مرحلہ میں 2 ہزار 760 کروڑ رپے جاری کئے جائیں گے۔تلنگانہ میں جملہ 73 لاکھ کسان موجود ہیں۔

Sound Byte

Narmetta

سدی پیٹ ضلع کے نرمٹا میں آئیل پام فیکٹری کا وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے افتتاح کیا اور اس کو کسانوں کے نام وقف کیا۔ 162 ایکر اراضی پر محیط اس فیکٹری کو 300 کروڑ روپیوں کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔ اس موقع پر 80 کروڑ روپیوں کی لاگت سے نرمٹا میں پام آئیل ریفائنری پلانٹ کی تعمیر کا بھی وزیراعلیٰ نے سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کسانوں کی فلاح و بہبود کیلئے ہر ماہ پانچ ہزار پانچ سو کروڑ روپے خرچ کررہی ہے۔ اب تک ایک لاکھ 40 ہزار کروڑ روپے کسانوں کو مختص کیئے گئے ہیں۔

Sound Byte CM

اس جلسہ میں مختلف ریاستی وزرأ اور حکومت کے مشیروں نے شرکت کی۔

OO